© rasailojaraid.com



## جامعہ علوم اثریہ کے سالانہ امتحانات

قسم تحفیظ القرآن الکریم کے سالانہ امتحانات 29 جولائی بروز منگل سے شروع ہو کر 30 جولائی بروز بدھ اختتام پذیر ہوں گے۔ یاد رہے کہ جامعہ کے شعبہ حفظ کے مستقل ممتحن استاذ القراء حضرت قاری محمد ادریس عاصم لاہوری ہیں انکی معاونت جناب حافظ فیاض احمد کرتے ہیں۔

قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ کے امتحانات 6 اگست بروز بدھ سے شروع ہو کر 14 اگست بروز جمعرات اختتام پذیر ہونگے۔ ان شاء اللہ

## مرکزی جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں سیرت رحمت عالم ﷺ کانفرنس

مورخہ 15 مئی بروز جمعرات بعد نماز مغرب مرکزی جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کی زیر صدارت سیرت رحمت عالم ﷺ کانفرنس منعقد ہوئی۔ جس کی سرپرستی شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل اور مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے کی۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ خطیب مسجد ھذا نے سرانجام دیئے۔

کانفرنس سے حضرت مولانا حافظ محمد اسحاق اوکاڑوی خطیب فیصل آباد اور حضرت مولانا بہادر علی سیف خطیب سمندری نے خطاب کیا اور قاری عبدالوہاب صدیقی صاحب نے نعتیہ کلام پیش کیا۔ رئیس الجامعہ کی دعا سے یہ کانفرنس تکمیل پذیر ہوئی۔ اس کانفرنس میں مقامی لوگوں کے علاوہ جہلم، ڈھوک صوبیدار، گوجر خاں، مسہ کسوال، ڈھوک امب اور دوسرے علاقوں سے احباب نے شرکت کی۔

## رئیس الجامعہ کا جامع مسجد ابراہیمی اہل حدیث کالا گجراں میں درس قرآن وحدیث

مورخہ 11 جولائی بروز جمعہ بعد نماز مغرب رئیس الجامعہ نے جامع مسجد ابراہیمی اہل حدیث میں فتنہ انکار حدیث اور حجیت حدیث کے موضوع پر مفصل درس دیا جس میں کالا گجراں سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ درس کے بعد مورخہ 13 جولائی کو جامع مسجد اہل حدیث نزد المعراج فلور مل میں ''اسلام میں مقام حدیث'' کے عنوان پر شان مصطفیٰ ﷺ کانفرنس کے پروگرام کو آخری شکل دی گئی، کانفرنس سے شیخ الحدیث مولانا ارشاد الحق اثری اور مولانا ارانا شفیق خان پسروری خطاب فرمائیں گے۔ یاد رہے کہ ملعون خالد نقاش کی گرفتاری کے بعد یہ پہلا پروگرام ہے، جس میں علاقہ کے تمام مکاتب فکر کے علماء کرام شرکت کریں گے۔

## وفیات

## چوہدری محمد صفدر اور چوہدری محمد احتشام (کوٹلہ آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 15 مئی بروز جمعرات چوہدری محمد صفدر اور چوہدری محمد احتشام کے چچا محترم وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم بڑے ہی نیک، بااخلاق اور ملنسار انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ کوٹلہ آئمہ میں رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## محمد امجد سیٹھی کو صدمہ

مورخہ 21 مئی بروز بدھ محمد امجد سیٹھی کی اہلیہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور پرہیزگار خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے پڑھائی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## مرزا عبدالقدوس، مرزا عبدالرؤف اور محمد حنیف مغل کو صدمہ

مورخہ 22 جون بروز اتوار جماعت کے مخلص کارکن مرزا عبدالقدوس و مرزا عبدالرؤف کے والد محترم اور محمد حنیف مغل کے بھائی مرزا منیر احمد وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم بڑے ہی نیک، متقی اور بااخلاق بزرگ تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## منشی مختار احمد، محمد اقبال، محمد رضوان و حافظ اخلاق احمد (کوٹلہ آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 17 جون بروز منگل منشی مختار احمد و محمد اقبال کی والدہ، محمد رضوان کی دادی محترمہ اور حافظ اخلاق احمد خلیب بریڈ فورڈ (برطانیہ) کی پھوپھی محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## شیخ سعید احمد، شیخ وحید احمد، شیخ خالد امین و شیخ آصف امین کو صدمہ

مورخہ 15 جون بروز اتوار شیخ سعید احمد و شیخ وحید احمد کی والدہ اور شیخ خالد امین و شیخ آصف امین کی پھوپھی جان کراچی میں وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں نماز جمعہ کے بعد ان کیلئے دعائے مغفرت کی گئی۔

## سیٹھی عبدالرحمٰن و طارق محمود کو دوہرا صدمہ

سیٹھی عبدالرحمٰن (عبداللہ کلاتھ ہاؤس جہلم) کے پھوپھی زاد اور طارق محمود کے خالہ زاد بھائی شیخ محمد انور لندن میں وفات پا گئے۔ اس کے چند دنوں بعد ان کے دوسرے بھائی شیخ محمد اختر بھی اس دنیا فانی سے رخصت ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومین کی غائبانہ نماز جنازہ مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔ جس میں جہلم سے کثیر تعداد میں ان کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔

## جاوید اقبال (اولڈھم) میاں محمد ادریس کیانی اور حافظ محمد حبیب الرحمٰن (یو۔کے) کو صدمہ

مورخہ 14 مئی بروز بدھ جاوید اقبال، تصور اسلام کی والدہ محترمہ برطانیہ میں وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی غائبانہ نماز جنازہ مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## صدیق یوسفی اور محمد فاروق کو صدمہ

مورخہ یکم جولائی بروز منگل صدیق یوسفی کے تایازاد بھائی محمد فاروق کا بیٹا عدیل فاروق وفات پا گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)



© rasailojaraid.com